نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعظم پاکستان کے ایگریکلچر ٹرانسفرمیشن پلان کے تحت مشینی کاشت کے فروغ سے فصلوں کی پیداوار بڑھانے کا منصوبہ

حکومت پنجاب کی جانب سے تمام اضلاع میں سبسڈی پر زرعی آلات و مشینری کی فراہمی کے لئے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب

لاہور 17 نومبر 2021: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیر اعظم پاکستان کے ایگریکلچر ٹرانسفرمیشن پلان کے تحت کے محکمہ زراعت پنجاب نے صوبہ کے تمام اضلاع کے کاشتکاروں کو مشینوں کی خرید کیلئے 60 فیصد سبسڈی (زیادہ سے زیادہ 5 لاکھ روپے) تک فراہمی کے لئے کاشتکاروں سے درخواستیں طلب کر لی ہیں۔اس ضمن میں خواہشمند کاشتکار کم سے کم 50 ہارس پاور ٹریکٹر کا مالک ہو (خودکار مشینری کے لئے یہ شرط لازم نہیں ہے)۔درخواست گزار نہری علاقوں میں 25 ایکڑ یا اس سے کم جبکہ بارانی علاقوں میں 50 ایکڑ یا اس سے کم زرعی زمین کا مالک/مزارع ہو۔کاشتکار/ سروس پروائیڈرز منصوبے کی مدت کے دوران دوسرے کسانوں کو یہ مشینری دینے کا پابند ہوگا۔اس کے علاوہ درخواست دہندہ کو الاٹمنٹ لیٹر کے اجراء کے 10 دن کے اندر منظور شدہ فرموں/ کمپنیوں کے پاس بکنگ کرانا لازم ہوگی ورنہ سبسڈی کو منسوخ کر دیا جائے گا جسے کسی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جائے گا۔پہلے 4 سالوں کے دوران یہ زرعی مشینری کسی کو فروخت یا ٹرانسفر نہیں کی جا سکے گی۔درخواست دہندہ کو متعلقہ ضلع کے اسسٹنٹ ایگریکلچرل انجینیر کے تحت آپریشن، خرابیوں کی دوری و دیگر دیکھ بھال کے لئے ایک روزہ تربیت لینا ہوگی۔زرعی مشینری کے حصول کے لئے کسان کارڈ کے حامل کاشتکاروں کو ترجیح دی جائے گی۔کاشتکار یا خواہشمند حضرات اس ضمن میں زرعی مشینری و آلات کے حصّول کے لئے درخواست محکمہ زراعت کی ویب سائٹ **field.agripunjab.gov.pk** سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا متعلقہ ضلع کے اسسٹنٹ ایگریکلچرل انجینیر (فیلڈ) سے حاصل کرنے کے بعد بشمول بیان حلفی (100 روپے کے اشٹام فارم پر) متعلقہ دفتر میں جمع کرائیں۔کاشتکار اپنے متعلقہ اضلاع میں درخواست **27 نومبر 2021** تک جمع کروا سکتے ہیں

☆☆☆☆